منہ کے ذریعے لی جانے والی اینٹی وائرلز کیا ہیں؟

کووڈ-19 کے مریض کی طبیعت بہتر کرنے میں مددگار گولیاں۔

اگر آپ کو شدید کووڈ-19 کا خطرہ لاحق ہے اور گزشتہ 5 دنوں میں آپ کا کووڈ-19 ٹیسٹ مثبت آیا ہے تو آپ نسخے پر منہ کے ذریعے لی جانے والی اینٹی وائرل گولیاں لینے پر غور کر سکتے ہیں۔ دو علاج دستیاب ہیں: Paxlovid™ (Pfizer) اور lagevirio (Merck)۔ آپ اپنی عمر، طبی ہسٹری اور علامات کے دورانیے کی بنیاد پر ان میں سے کسی کووڈ-19 علاج کے اہل ہو سکتے ہیں۔

منہ کے ذریعے لیے جانے والے اینٹی باڈی علاج SARS-CoV-2 (کووڈ-19 پیدا کرنے والا وائرس) کو آپ کے جسم میں بڑھنے سے روک کر، آپ کے جسم میں وائرس کی مقدار گھٹا کر یا آپ کے مدافعتی نظام کی مدد کرتے ہوئے آپ کے جسم کو کووڈ-19 سے لڑنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ علاج کروانے سے آپ کی علامات کی شدت کم ہو سکتی ہے اور بیماری بڑھنے اور ہسپتال میں نگہداشت کی ضرورت ہونے کے امکانات گھٹ سکتے ہیں۔

• منہ کے ذریعے اینٹی وائرل کیسے لی جائے؟

منہ کے ذریعے اینٹی وائرل علاج کروانے کا مطلب یہ ہے کہ آپ گولیاں لیں گے۔ آپ کو اپنے طبی معالج کی ہدایات کے مطابق منہ کے ذریعے اینٹی وائرل علاج کروانا چاہیے۔ خوراک نہ چھوڑیں یا اگر کوئی خوراک چھوٹ جائے تو اضافی خوراک نہ لیں۔ آپ کو تمام علاج ہدایات کے مطابق کرنا چاہیے، یہاں تک کہ وہ مکمل ہو جائے یا آپ کا طبی معالج آپ سے علاج روکنے کو کہے۔ منہ کے ذریعے لی جانے والی اینٹی وائرلز کو خوراک کے ساتھ یا بغیر لیا جا سکتا ہے اور تجویز دی جاتی ہے کہ گولیوں کو توڑے یا پیسے بغیر پورا نگلا جائے۔

• اگر مجھے کوئی دائمی طبی کیفیت، مثلاً گردے یا جگر کا مسئلہ ہے تو کیا ہو گا؟

کوئی بھی دوا لینے سے پہلے آپ کو اپنے طبی معالج سے اپنی طبی ہسٹری پر بات کرنی چاہیے۔ اس میں انہیں اپنی موجودہ طبی کیفیات اور مجوزہ ادویات، نسخے کے بغیر لی جانے والی ادویات، وٹامنز اور سپلیمنٹس کے بارے میں بتانا شامل ہے۔

گردے یا جگر کے مسائل میں مبتلا افراد کو منہ کے ذریعے لی جانے والی اینٹی وائرل دوا لینے کے پہلے اپنے طبی معالج سے اپنی کیفیت کے بارے میں بات کرنی چاہیے۔ آپ کا طبی معالج فیصلہ کر سکتا ہے کہ منہ کے ذریعے اینٹی وائرل علاج آپ کے لئے مناسب ہے یا نہیں اور آپ کی خوراک مناسب ہے یا نہیں۔ چند کیفیات میں مبتلا افراد کے لئے کچھ طرح کے علاج کی تجویز نہیں دی جاتی۔

• اگر میں منہ کے ذریعے اینٹی وائرل علاج کا اہل نہیں تو کیا ہو گا؟

آپ کا طبی معالج فیصلہ کر سکتا ہے کہ آپ منہ کے ذریعے اینٹی وائرل علاج کے اہل نہیں یا یہ آپ کے لئے ٹھیک نہیں۔ اس کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ ممکن ہے کہ آپ اہلیت کے تمام تقاضے پورے نہ کرتے ہوں یا آپ کو کوئی طبی کیفیت لاحق ہو جو چند طرح کے علاج کے لئے مناسب نہ ہو۔ اپنے طبی معالج سے اپنے علاج کے بہترین اختیارات کے بارے میں بات کریں۔

DOH 825-029 May 2022 Urdu

کسی اور شکل میں اس دستاویز کی درخواست کرنے کے لئے 1-800-525-0127 پر کال کریں۔ سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے صارفین براہ کرم 711 (Washington Relay) پر کال کریں یا
mailto:ecivil.rights@doh.wa.gov پر ای میل کریں۔